فوری ریلیز کے لیے: 13/9/2022 گورنر ***KATHY HOCHUL***

***گورنر HOCHUL نے نیو یارک کے مزید شہریوں کو کیریئرز سے رابطے میں لانے کے لیے ورچوئل کیریئر سینٹر کی توسیع کا اعلان کیا***

***نوکری کے متلاشیوں کو 250,000 سے زیادہ ملازمتوں سے مربوط کرنے کے لیے ریاست نیو یارک محکمہ محنت کی جانب سے ایک مفت، جدید ترین وسیلہ***

***طریقہ ہائے کار کو ہموار بنانے اور صارف کے تجربے کو بہتر بنانے کے لیے یہ محکمے کے جدت کاری کے چار سالہ منصوبے کو بروئے کار لائے گا***

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا ہے کہ ریاست نیو یارک محکمہ محنت نے اپنے ورچوئل کیریئر سنٹر کو وسعت دی ہے، یہ نیو یارک کے باشندوں کو اپنے کیریئر کی تلاش کو تیز کرنے میں مدد دینے کے لیے ایک جدید ترین آن لائن پلیٹ فارم ہے۔ ورچوئل کیریئر سنٹر ملازمت کے متلاشی کی مہارتوں اور تجربے کو ملازمت کے مواقع کے ساتھ ملانے کے لیے ٹھوس مصنوعی ذہانت کا استعمال کرتا ہے۔ یہ مفت پلیٹ فارم ہر صارف کی انفرادی ضروریات کو پورا کرتا ہے اور صارفین کو سیکنڈوں میں 250,000 سے زیادہ جاب پوسٹنگ براؤز کرنے، اپنے ریزیومے اپ لوڈ کرنے اور اپنے کیریئر کو اگلی سطح تک لے جانے کے لیے ملازمت کی تربیت کے مواقع تلاش کرنے کی اجازت دیتا ہے۔

"نیو یارک نے بے روزگاری کو کم کرنے، معیاری، زیادہ تنخواہ والی ملازمتیں پیدا کرنے اور پوری ریاست میں ملازمت کے متلاشیوں کو کام کے بارآور مواقع سے جوڑنے میں قابل ذکر پیش رفت کی ہے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "ورچوئل کیریئر سنٹر کی اس توسیع کے ساتھ، ہم نیو یارک کے باشندوں کو ایک عالمی معیار کا جاب تلاش کرنے والا ٹول مکمل طور پر مفت دینے کے لیے بہترین ٹیکنالوجی کا فائدہ اٹھا رہے ہیں۔ میں نیو یارک کے تمام باشندوں کی حوصلہ افزائی کرتی ہوں کہ وہ اس ذریعے سے فائدہ اٹھائیں اور مزید جاننے کے لیے محکمہ محنت کی ویب سائٹ دیکھیں۔"

اس سے قبل، صرف بے روزگار ملازمت کے متلاشی ہی ایک پائلٹ منصوبے کے ذریعے اس وسیلے تک رسائی حاصل کر سکتے تھے۔ گورنر Hochul نے اب اس میں توسیع کر دی ہے جس سے نیو یارک کے تمام شہری ny.gov اکاؤنٹ بنا کر یا اس میں سائن ان کر کے ورچوئل کیریئر سنٹر تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔

**محکمہ محنت کی کمشنر Roberta Reardon نے کہا،** "ٹیکنالوجی نے ہمیں پوری عالمی وباء کے دوران صارفین کی خدمت جاری رکھنے کے قابل بنایا اور محکمہ محنت، نیو یارک کے شہریوں کی ان کے کیریئر کے اہداف حاصل کرنے میں مدد کے لیے تازہ ترین پیشرفتوں کا استعمال جاری رکھے گا۔ ورچوئل کیریئر سینٹر ان بہت سے مفت، آن لائن وسائل میں سے ایک ہے جو ہم نیو یارک کے شہریوں کے کیریئر کے خوابوں کو حقیقت بنانے میں مدد کرنے کے لیے پیش کر رہے ہیں۔"

ورچوئل کیریئر سینٹر NYSDOL کی، نیو یارک کے شہریوں کو ریاست نیو یارک میں دستیاب 250,000 ملازمتوں کے مواقع سے جوڑنے کی جاری کوششوں میں تازہ ترین پیشرفت ہے۔ ملازمت کے متلاشیوں کی حوصلہ افزائی کی

جاتی ہے کہ وہ ریاست بھر میں دستیاب ملازمتوں کو براؤز کرنے کے لیے ریاست نیو یارک جاب بینک، پارٹ ٹائم بائرنگ مواقع کا جاب بینک اور NY سیزنل جابز کو دیکھیں۔ نیو یارک کے باشندے ورچوئل ورکشاپس اور ورچوئل کیریئر فیئرز کے لیے سائن اپ کرنے کے لیے ہمارے کیریئر سینٹر کی تقریبات اور بھرتیوں کا کیلنڈر بھی دیکھ سکتے ہیں۔ جاب زون نیو یارک کے شہریوں کو اپنے مستقبل کی منصوبہ بندی کرنے، اپنی ملازمت کی تلاش کو منظم کرنے، ریزیومے بنانے اور کیریئرز کا جائزہ لینے میں مدد کرنے کے لیے بھی ٹولز فراہم کرتا ہے۔ بے روزگار اور کم تر روزگار کے حامل نیو یارک کے باشندے Coursera کے ذریعے مفت آن لائن کلاسز میں داخلہ لے کر زیادہ مانگ والے کیریئرز سے متعلقہ نئی مہارتیں بھی سیکھ سکتے ہیں۔

ہفتہ وار بے روزگاری انشورنس فائدے کے تمام نئے دعویداروں کو خود بخود ورچوئل کیریئر سنٹر میں شامل کر کے مدعو کیا جاتا ہے کہ وہ اس نئے ٹول کو اپنے تجربے، علم اور مہارت کے مطابق ملازمتیں تلاش کرنے کے لیے استعمال کریں۔

**Eightfold AI کے صدر Kamal Ahluwalia نے کہا،** "ریاست نیو یارک اپنے شہریوں کو آجروں سے براہ راست رابطے میں آنے اور اپنی مہارتوں کو بہتر بنانے میں مدد کرنے کے لیے دنیا کا سب سے طاقتور ٹیلنٹ انٹیلی جنس پلیٹ فارم استعمال کر رہی ہے۔ مل کر، ہم نے ورچوئل کیریئر سنٹر تیار کیا ہے، جو نیو یارک کے ہر شہری کو خاندان کی کفالت کرنے والی، معیشت کو فروغ دینے والی ملازمتیں حاصل کرنے کا موقع فراہم کرتا ہے۔"

**SUNY کی عبوری چانسلر Deborah F. Stanley نے کہا،** "گورنر Hochul کی قیادت میں ہماری ریاست، نیو یارک کے شہریوں کے لیے ملازمتوں سے رابطے میں آنے کے لیے ایک مضبوط پائپ لائن بنا رہی ہے۔ اعلیٰ تعلیم میں اس سال کی تاریخی سرمایہ کاری ایسے تعلیمی منصوبوں اور اسناد کو وسعت دے گی جو مہارتوں کو تیار کریں گے اور تجربہ فراہم کریں گے؛ اور ورچوئل کیریئر سنٹر کی آج کی توسیع کے ساتھ، SUNY کے یہ سیکھنے والے تیزی سے دیکھ سکتے ہیں کہ ان کی قابلیت کیریئر کے مواقع میں کیسے تبدیل ہو جائے گی۔ نیو یارک کا محکمہ محنت، افرادی قوت کی ترقی میں SUNY کے لیے ایک کلیدی شراکت دار ہے اور خاص طور پر ہم طلباء کی ملازمت میں منتقلی میں مدد کے لیے ان کی جاری کوششوں کی تعریف کرتے ہیں۔"

**کیپٹل ریجن ورک فورس ڈویلپمنٹ بورڈ کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر Brian Williams نے کہا،** "عالمی وباء کے آغاز سے، افرادی قوت کی ترقی کے مقامی نظام نے یہ ظاہر کیا ہے کہ خدمات کو ریموٹ طریقے سے پیش کر پانے کی صلاحیت نے ایسے افراد تک زیادہ رسائی کو ممکن بنایا ہے جنہیں کیریئر کی اس رہنمائی اور ان مہارتوں میں تربیت کی ضرورت ہے جو کاروباری اداروں کو مطلوب ہوتی ہیں۔ ورچوئل کیریئر سنٹر جیسی ٹیکنالوجی کا استعمال، افراد کو افرادی قوت کی ترقی اور مہارت کی تربیت کی کئی خدمات سے مربوط کرے گا، خاندانوں کی کفالت کرنے والے عظیم کیریئر تخلیق کرے گا اور کاروباری اداروں کے لیے باصلاحیت افراد کی ایک پائپ لائن کے لیے ایک جامع اور قابل رسائی راستہ بنائے گا۔"

**ویسٹ چیسٹر-پُٹنم ورک فورس ڈیولپمنٹ بورڈ کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر Thom Kleiner نے کہا،** "ریاست بھر میں ورک فورس بورڈ کے تمام ڈائریکٹرز کو اس حیرت انگیز نئے وسیلے کے آغاز کا بے تابی سے انتظار رہا ہے جسے ہم اپنے ملازمت کے متلاشیوں اور آجروں کے ساتھ شیئر کریں گے۔"

NYSDOL نیو یارک کے شہریوں کی بہتر مدد کے لیے ٹیکنالوجی کو استعمال کرنے کے نت نئے طریقے تلاش کرنا جاری رکھے ہوئے ہے۔ جون میں، گورنر Hochul نے اعلان کیا کہ محکمہ اپنے 4 سالہ اسٹریٹجک جدت کاری کے منصوبے کے نصف راستے پر ہے، یہ ایک جاری کوشش ہے جو کال والیوم کو کم کرے گی، صارف کے تجربے میں اضافہ کرے گی اور نیو یارک کے شہریوں کو تیزی سے UI فوائد سے منسلک کرے گی۔ NYSDOL اس وقت کام کی جگہ پر خواتین پر COVID-19 عالمی وباء کے اثرات کا تجزیہ بھی کر رہا ہے جس میں صنفی اجرت کے کثیر سطحی فرق پر خصوصی توجہ دی گئی ہے۔ اس رپورٹ میں ریاست نیو یارک کی متنوع اور مضبوط معیشت کو آگے بڑھاتے ہوئے خواتین کو بااختیار بنانے کے لیے تیار کردہ سفارشات کا خاکہ پیش کیا جائے گا۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418